پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

25 اپریل 2016

دی دھرن گدھرا پیوپلس کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، ضلع سریندرنگر (گجرات) پر جرمانہ لگا

ریزروبینک آف انڈیا نے دی دھرن گدھرا پیوپلس کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ ضلع سریندرنگر (گجرات) پر ایک لاکھ روپیہ کا مالی جرمانہ عائد کیا۔ ریزروبینک نے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو) کے سیکشن 47A(1)(b) جسکو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے میں موجود اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس کوآپریٹیو بینک کے ذریعہ ریزروبینک کی گائڈلائنس اور متعلقہ ہدایات (i) انویسٹمنٹ پورٹ فولیو کا کرنٹ آڈٹ کرانا (ii) وقفہ وقفہ سے رسک فیکٹرس پر نظرثانی کرنا (iii) ٹرانزیکشن کی مشکوک رپورٹ جنریٹ کرنا اور اسکو ایف آئی یو کو جمع کرنا اور (iv) ڈی ای اے ایف اسکیم وغیرہ کی خلاف ورزیاں کرنے پر عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے کوآپریٹیو بینک کا معائنہ (انسپکشن) کرنے پر وہاں پائی جانے والی خامیوں کی بنیاد پر اسکو وجہ بتاؤ نوٹس (شوکازنوٹس) جاری کیا اسکے جواب میں کوآپریٹیو بینک نے ریزروبینک کے سینئر آفیسرس کی کمیٹی جسکے سربراہ ریجنل ڈائرکٹر احمدآباد تھے کے سامنے پیش ہوکر صفائی دی اور تحریری جواب دیا ان جوابات کی تحقیق کرتے ہوئے اور معاملہ کی تہہ میں جانے پر اصلیت سے واقف ہونے پر ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور مالی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

پریس ریلیز 2015-16/2492

انیرودھا ڈی۔ جادھو
اسسٹنٹ منیجر